اسلامیات (لازمی)	انٹر (پارٹ-I)	پرچہ I: (معروضی طرز)
وقت: 15 منٹ	2016ء (پہلا گروپ)	کل نمبر: 10

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے دُرست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1- انسان کا سب سے پہلا عقیدہ ہے:

(a) رسالت　　(b) توحید ✓

(c) ملائکہ　　(d) آخرت

2- انجیل نازل ہوئی:

(a) حضرت موسیٰؑ پر　　(b) حضرت عیسیٰؑ پر ✓

(c) حضرت داؤدؑ پر　　(d) حضرت سلیمانؑ پر

3- قیامت کے دن سب سے پہلے حساب لیا جائے گا:

(a) زکوٰۃ کا　　(b) روزے کا

(c) نماز کا ✓　　(d) حج کا

4- زکوٰۃ کے لغوی معنی ہیں:

(a) بھائی چارہ　　(b) مال کو پاک کرنا ✓

(c) متبرک　　(d) مفلس کو دینا

5- ابولہب حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا تھا:

(a) دوست　　(b) بیوی کا بھائی

(c) چچازاد بھائی　　(d) چچا ✓

6- ذکر کے لغوی معنی ہیں:

(a) یاد کرنا ✓
(b) متبرک
(c) تزکیۂ نفس
(d) ضبطِ نفس

7- منافق کی اقسام ہیں:

(a) تین
(b) چار
(c) دو ✓
(d) پانچ

8- نزولِ قرآن کے آغاز کے وقت نبی کریم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

(a) تئیس سال
(b) چالیس سال ✓
(c) تریسٹھ سال
(d) تیرہ سال

9- صحاح ستہ میں حدیث کی کُل کتب شامل ہیں:

(a) چار
(b) پانچ
(c) چھے ✓
(d) سات

10- جھوٹے مدعیانِ نبوت کے خلاف جہاد کیا:

(a) خلیفہ اوّل نے ✓
(b) خلیفہ دوم نے
(c) خلیفہ سوم نے
(d) خلیفہ چہارم نے